2019 III 19 1000 Seat No. | | | | | |

Time : 2½ Hours

URDU LANGUAGE-II

Subject Code

H	4	2	5

Total No. of Questions : 8 (Printed Pages : 6) Maximum Marks : 80

ہدایات : i) تمام سوالات لازمی ہیں۔

ii) ہر نئے سوال کے جواب کی ابتداء نئے صفحے سے کیجئے۔

iii) اصل سوالات اور ضمنی سوالات کے نمبر نیز علامت صحیح اور صاف لکھئے۔

iv) تحریر صاف اور خوشخط ہو۔

سوال نمبر ۱ (الف) مندرجہ ذیل قوسین میں سے صحیح جواب چُن کر خالی جگہ کو مکمل کیجئے۔ 2

۱) حضرت صفیہؓ نے رمضان المبارک سنہ ۵۰ ہجری میں ....سال کی عمر میں وفات پائی۔

(چالیس ، تیس ، ساٹھ)

۲) ان اہرامات میں اندر ہی اندر ....کمرے بنے ہوئے ہیں۔

(لاتعداد ، ایک سو ، چار)

(ب) مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات صرف ایک جملے میں لکھئے۔ 2

i) تتلی کے ناچ کا پھول پر کیا اثر ہوتا تھا؟

ii) مُصنّف نے سبق بحث وتکرار میں کس چیز سے پرہیز کرنے کا مشورہ دیا ہے؟

(ج) مندرجہ ذیل جملوں کی تشریح متن کے حوالے سے لکھئے: 6

i) "اسکول کا وقت قریب تھا ورنہ خدا جانے یہ نصیحت کب ختم ہوتی"

ii) "اصل بات یہ ہے کہ ہم سائنس کی اس فیاضی کے لئے تیار نہ تھے"

سوال نمبر۲ (الف) مندرجہ ذیل سوالوں کے مفصل جواب لکھیے: 10

i) لاجی کے جگانے کا انداز کیسا تھا؟

ii) بوڑھا دربار میں کیوں حاضر ہوا تھا؟

سوال نمبر۳ (الف) مندرجہ ذیل قوسین میں سے صحیح جواب چن کر خالی جگہ کو مکمل کیجیے اور جملہ دوبارہ لکھیے: 1

i) ارمان ہے وہ ---------- کہ ڈھلتی ہی نہیں، حسرت وہ شے ہے جو نکلتی ہی نہیں۔

(روشنی ، دھوپ ، بارش)

(ب) مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات صرف ایک جملے میں لکھیے۔ 2

i) مدینہ منورہ کا پرانا نام کیا تھا؟

ii) نظم 'ماں' کے شاعر کو آج کون سی شئے میسر نہیں ہے۔

(ج) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شعر کی تشریح کیجیے: 3

i) نکلنا خلد کا آدم کا سنتے آئے ہیں لیکن

بہت بے آبرو ہوکر ترے کوچے سے ہم نکلے

ii) لکھتے رقعہ، لکھے گئے دفتر

شوق نے بات کیا بڑھائی ہے

(د) مندرجہ ذیل سوالوں کے مفصل جواب لکھیے: 6

i) حضرت امام حسینؓ جب غش کھا کر گرے تو میدانِ جنگ کا کیا عالم تھا؟

ii) شاعر کے مطابق لڑکیوں میں کون کون سے اوصاف کا پایا جانا ضروری ہے؟

iii) شاعر اللہ تعالی سے بارانِ رحمت کی تمنّا کیوں کر رہا ہے؟

2 سوال نمبر۴ (الف) مندرجہ ذیل الفاظ کے صحیح جوڑ لگایئے (کوئی دو)

واحد	جمع
i) تجویز	۱) فضائل
ii) فکر	۲) تجاویز
iii) فضیلت	۳) افکار

2 (ب) مندرجہ ذیل جملوں کو صحیح کر کے دوبارہ لکھئے:

i) بھائی میرا کتاب اپنی پڑھتا ہے نہیں۔

ii) اونچا بہت پہاڑ ہمالیہ ہے،

3 (ج) مندرجہ ذیل جملے میں سے فعل، فاعل اور مفعول کو پہچان کر لکھئے:

i) عورت نے پڑھتے پڑھتے کتاب پھینک دی۔

3 (د) مندرجہ ذیل دی گئی ہدایات کے مطابق جملوں کو بدل کر لکھئے:

i) مچھیرے نے دریا میں جال ڈال دیا۔ (زمانے ماضی)

ii) بڑے بوڑھے ہوکر بچوں سی باتیں کرتے تھے۔ (زمانے حال)

iii) ہر آدمی ملک کی ترقی میں حصّہ لے رہا ہے۔ (زمانے مستقبل)

سوال نمبر۵ (الف)   مندرجہ ذیل الفاظ کے صحیح جوڑ لگایئے (کوئی دو)   2

الفاظ	معنی
i) رُخ	۱) پتنگ
ii) کنکوّا	۲) آگ
iii) آتش	۳) سمت

(ب)   مندرجہ ذیل محاوروں کے معنی بتا کر اپنے جملوں میں استعمال کیجئے: (کوئی ایک)   2

i) [illegible]

ii) چڑھائی کرنا

(ج)   ذیل میں جو عبارت دی گئی ہے اُسے بغور پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالوں کے جوابات لکھئے۔   6

جس ملک کا اناج، ہوا اور پانی ہم استعمال کرتے ہیں اور زندہ رہتے ہیں۔ اس ملک کی خدمت کرنا اور اس کی بھلائی چاہنا ہمارا پہلا فریضہ ہے۔ تن، من، دھن سے اپنے ملک کی خدمت کرنا ہی حبِ الوطنی ہے۔ ملک کی خدمت میں جی جان لگانا ہی زندگی کی کامیابی ہے۔ اس بات میں شک کی کوئی گنجائش نہیں ہے کہ کسی بھی ملک کی خدمت کی ذمہ داری اس ملک کے باشندوں پر ہوتی ہے۔ ملک پر جب کسی قسم کی آفت آتی ہے تب بزدل بھی بہادر بن جاتا ہیں۔ تب ہمیں یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ ہم جن چیزوں کا احترام کرتے ہیں جن کے وجود سے ہمارا سینہ فخر سے تن جاتا ہے جن سے ہم محبت کرتے ہیں وہ تمام چیزیں تباہ و برباد ہوجائیں گی اسی خیال کے پیشِ نظر اس ملک کا ہر شہری ایک تلوار بن جاتا ہے۔ اس وقت جو لوگ اپنی زندگی کو معمولی سمجھ کر اپنا مفاد بھول کر ملک کی حفاظت کو اپنا فرض سمجھتے ہی اُن کے نام تاریخ میں امر ہوجاتے ہیں۔

سوالات :

۱) ملک کے لئے ہمارے فریضے کیا ہیں ؟

۲) بزدل بھی بہادر کب بن جاتے ہیں ؟

۳) کن کے نام تاریخ میں امر ہو جاتے ہیں ؟

سوال نمبر۶ (الف) بیٹی کی شادی میں ایک باپ کی نصیحتی گفتگو کو ایک مکالمے کے انداز میں تحریر کیجئے: 5

(ب) اپنے محلے میں بڑھتے ہوئے غیر قانونی شراب کے کاروبار کی خبر اخبار کو دیتے ہوئے ایک خبر کے انداز میں تحریر کیجئے : 5

یا

اپنے اسکول میں منائے گئے تقریری مقابلے کو ایک رپورٹ کے انداز میں لکھئے:

سوال نمبر۷ (الف) آپ کا پتہ ہے، جمال / آفرین خان گھر نمبر ۱۲۹ ، داول چوک ، واسکو گوا ، اپنے شہر کے محکمہ صحت وصفائی کو درخوست لکھ کر اپنی بستی میں پھیلی ہوئی بیماروں کی جانب ان کی توجہ مبذول کرائیں ۔ 5

(ب) مندرجہ ذیل خاکہ کی مدد سے کہانی کو مکمل کیجئے: 5

ایک چڑی مار۔۔۔۔۔۔۔۔کھیت میں جال بچھنا ۔۔۔۔۔۔جال کے اوپر اناج دانے بکھیرنا۔۔۔۔۔۔دور چھپ کر بیٹھنا۔۔۔۔آسمان میں کبوتروں کا جھنڈ۔۔۔۔۔۔۔اناج کو دیکھ کر نیچے آنا۔۔۔۔۔۔جال میں پھنسنا۔۔۔۔۔۔پچھتانا۔۔۔۔۔۔ایک کبوتر کی ترکیب ۔۔۔۔ سبھی کبوتروں کو ایک ساتھ اُڑنے کا اشارہ دینا ۔۔۔۔۔۔کبوتروں کا جال لے کر ساتھ اُڑنا ۔۔۔۔۔۔۔چڑی مار کا پچھتانا۔۔۔۔۔۔چوہے کے ذریعہ جال کا ٹنا ۔

عنوان۔۔۔۔۔

نتیجہ ۔۔۔۔۔۔

سوال نمبر ۸ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر ۲۵۰ الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے : 8

i) موبائل - رحمت یا زحمت

ii) میرا پسندیدہ مشغلہ

iii) رشوت کا خاتمہ کیسے ممکن ہو؟

iv) ایک دلچسپ سفر / ناقابل فراموش سفر

v) علم کے فائدے